موصولات | ۱۔ کاروانِ زندگی ۔ از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صفحات ۱۸ ۵ ۔ قیمت ۴۵ روپے
کتاب پر جامع تبصرہ الحق میں شائع ہوچکا ہے اور اب پاکستان میں منظرِ عام پر آچکی ہے ۔ جس کو مجلس نشریات اسلام کراچی نے اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ شائع فرمایا ہے ۔ درج ذیل پتہ سے دستیاب ہے ۔
مجلس نشریات اسلام ۔ ۱ ۔ کے ۔ ۳ ۔ ناظم آباد ۱ ۔ کراچی ۱۸ ۔

۲ ۔ ہندوستان سے جناب حسن سعید صاحب لیکچرار کامرس انوار العلوم ایوننگ کالج حیدر آباد کے تصنیف کردہ رسائل موصول ہوئے جن کے نام یہ ہیں :۔

ا ۔ فیشن پرستی اور اس کا علاج ۔ صفحات ۱۹۲ ۔ قیمت ۶ روپے

ب ۔ پاؤں میز کی رسم سے جمعگیوں تک ۔ صفحات ۲۶۴ ۔ قیمت ۸ روپے

ج ۔ سینما بینی اور اس کے مہلک اثرات ۔ صفحات ۱۱۲ ۔ قیمت ۴ روپے

د ۔ ریس یعنی گھوڑ دوڑ ۔ صفحات ۶۶ قیمت ۲ روپے

اندازِ تحریر سلیس ، معلوماتی ، دلچسپ ، مصلحانہ اور تبلیغی ہے ۔ قیمت واجبی ہے درج ذیل پتہ پر دستیاب ہیں ۔
مدرسہ تعلیم القرآن (۵۸۱ - ۱۶۰۹) قدیم ملک پیٹ ۔ حیدر آباد (انڈیا)

۳ ۔ حرمتِ شراب ۔ شیخ عثمان بن الصافی کے ایک عربی کتابچہ کا اردو ترجمہ ہے ۔ جو ۴۰ صفحات میں آگیا ہے ۔ پچاس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر " پاک مسلم اکادمی ، الفضل مارکیٹ ۱۷ ، اردو بازار لاہور ۲ سے طلب کیا جاسکتا ہے ۔

۴ ۔ الانسداد لطرق لا الحاد ۔ دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیرگڑھ کے فاضل مدرس مولانا عبدالحق کوہستانی کی تصنیف ہے جس میں ڈاکٹر عثمانی کے تلبیسات پر تنقید ۔ مسئلہ عذاب قبر اور اثبات حیات النبی پر علماء دیوبند کے مسلک کو اعتدال کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ۔ ۴۵ صفحات کا یہ رسالہ شعبہ تصنیف و تالیف دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیرگڑھ ضلع مردان کے پتہ سے منگوایا جاسکتا ہے ۔

اسلام کا قانون دیت | دیت کے شیڈول اور اس کے تفصیلی احکامات (۶۲ دفعات) کا ۶۵ صفحات کا رسالہ ہے ۔ مقالہ فقہ حنفی کا نچوڑ ہے جسے مولانا قاضی بشیر احمد صاحب اور مولانا قاضی مقبول الرحمن صاحب نے بڑی عرق ریزی سے مرتب کیا ہے جو ۸ روپے میں مدنی کتب خانہ نور مارکیٹ اردو بازار گوجرانوالہ کے پتے سے دستیاب ہے ۔

اسلامی ریاست میں عدل نافذ کرنے والے ادارے | ۶۴ صفحات کے اس رسالے میں جناب سید عبدالرحمن صاحب بخاری نے اسلام کے حقیقی نظامِ عدل قائم کرنے والے اداروں کے قیام پر بحث کی ہے ۔
مندرجہ ذیل پتہ سے منگوایا جاسکتا ہے ۔
مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری ۔ نسبت روڈ لاہور

(عبدالقیوم حقانی)